# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

(شعبہ مطالعہ پاکستان)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذھن نشین کر لیں کہ:**

1- **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفیکٹ یا ڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

2- **کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: مطالعہ پاکستان (202) — سمسٹر: بہار 2014

سطح: میٹرک — کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر 40

### امتحانی مشق نمبر 1

(یونٹ: 1 تا 3)

سوال نمبر 1: صحیح جواب چن کر خالی جگہیں پُر کریں۔ (10)

-i ایسٹ انڈیا کمپنی نے مغل بادشاہ ____________ کے دور میں برصغیر میں تجارتی کوٹھیاں قائم کیں۔
(بابر ۔ اکبر ۔ شاہ جہان)

-ii علامہ اقبال نے ____________ کو برصغیر کے مسلمانوں کے لئے روحانی محافظ کا خطاب دیا۔
(شاہ ولی اللہ ۔ مجدد الف ثانی ۔ احمد شاہ ابدالی)

-iii مسلمانوں کی آمد سے قبل ہندوستانی معاشرہ مختلف ________ میں بٹا ہوا تھا۔ (حصوں ۔ طبقوں ۔ خطوں)

-iv برصغیر میں ویش ذات کے لوگ زیادہ تر ________ کے پیشے سے وابستہ تھے۔ (زراعت ۔ تجارت ۔ صنعت)

-v سن ________ میں پہلی جنگِ عظیم کا آغاز ہوا۔ (1914, 1906, 1939)

-vi مسلم لیگ کی لندن شاخ کا قیام سن ________ میں عمل میں آیا۔ (1908, 1909, 1906)

-vii مصطفیٰ کمال پاشا نے ترکی میں انقلاب لا کر ________ کا خاتمہ کیا۔ (جمہوریت، خلافت، آمریت)

-viii شدھی ________ زبان کا لفظ ہے۔ (سندھی ۔ ہندی ۔ سنسکرت)

ix- قطب الدین ایبک نے ______ شہر کو اپنا دارالحکومت بنایا تھا۔ (لاہور ۔ دہلی ۔ آگرہ)

x- برصغیر میں مسلمانوں کی آمد سے قبل ______ بت پرستی کا سب سے بڑا مرکز تھا۔ (سومنات ۔ ملتان ۔ ٹیکسلا)

سوال نمبر 2: مختصر جواب تحریر کریں۔ (10)

1- مولانا محمد علی جوہر اور مولانا شوکت علی نے کس تحریک کی قیادت کی؟

2- نادر شاہ نے پانی پت کے میدان میں کس کے خلاف جنگ لڑی؟

3- ستی کی رسم کس معاشرے میں مروج تھی؟

4- حضرت شیخ بہاؤالدین زکریا ملتانی نے برصغیر میں کس سلسلے کی بنیاد رکھی؟

5- بہادر شاہ ظفر کو کہاں قید کیا گیا تھا؟

6- علامہ اقبال نے کس سن میں برصغیر کی تقسیم کا تصور پیش کیا تھا؟

7- بندے ماترم نامی گیت کس زبان میں تھا؟

8- برصغیر کو دارالحرب قرار دینے کا فتویٰ کس نے دیا تھا؟

9- دوسری جنگ عظیم میں جاپان نے کس کا ساتھ دیا تھا؟

10- شاہ ولی اللہ نے قرآن پاک کا ترجمہ کس زبان میں کیا تھا؟

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل پر نوٹ تحریر کریں۔ (40)

1- 1857ء کی جنگ آزادی کے معاشی و معاشرتی اسباب۔

2- علی گڑھ تحریک کے مقاصد و اثرات۔

3- شاہ ولی اللہ کی خدمات۔

4- تحریک خلافت اور اس کے مقاصد۔

5- 1937ء کے انتخابات اور کانگریسی وزارتیں۔

سوال نمبر 4: اسلام کی آمد سے قبل برصغیر، معاشی، معاشرتی اور مذہبی طور پر کن حالات کا شکار تھا؟ (10)

سوال نمبر 5: 1857ء کی جنگ آزادی کن وجوہات کے بنا پر ناکام ہوئی؟ اس ناکامی کے بعد برصغیر کے مسلمانوں کو کن نتائج کا سامنا کرنا پڑا؟ تفصیل سے لکھیں۔ (10)

سوال نمبر 6: مسلمانان برصغیر کے دل میں مسلم لیگ بنانے کا خیال کیوں آیا؟ نیز اس جماعت کے ابتدائی اغراض و مقاصد بیان کریں۔ (10)

سوال نمبر 7: حضرت مجدد الف ثانی نے برصغیر کے مسلمانوں کے لیے کیا خدمات سرانجام دیں؟ تفصیلی جواب تحریر کریں۔ (10)

کورس: مطالعہ پاکستان (202) — سمسٹر: بہار 2014
سطح: میٹرک — کل نمبر: 100
کامیابی کے نمبر 40

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 4تا6)

**سوال نمبر 1:** خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پُر کریں۔ (10)

-i ______ کی اعلیٰ ترین عدالت سپریم کورٹ کہلاتی ہے۔ (مملک۔ صوبہ۔ ضلع)

-ii درہ بولان کے قریب ____________ شہر واقع ہے۔ (ملتان۔ کوئٹہ۔ پشاور)

-iii ریاست جوناگڑھ کی اکثر آبادی کا مذہب ______ تھا۔ (ہندو۔ بدھ مت۔ اسلام)

-iv برطانوی ______ نے سر سٹیفورڈ کرپس کو ہندوستان بھیجا تھا۔ (وزیر۔ ملکہ۔ وزیراعظم)

-v __________ منصوبے کے تحت برصغیر کے تمام علاقوں پر مشتمل ایک یونین بنانے کی تجویز پیش کی گئی تھی۔
(کرپس مشن۔ سائمن کمیشن۔ کیبنٹ مشن)

-vi 1945-46 کی عبوری حکومت میں مسلم لیگ کے ______ ارکان شامل تھے۔ (دو۔ تین۔ پانچ)

-vii پاکستان کے جنوب میں __________ واقع ہے۔ (افغانستان۔ ایران۔ بحیرہ عرب)

-viii جھیل "ہامون مشخیل" __________ کے علاقے میں واقع ہے۔ (سندھ۔ بلوچستان۔ سرحد)

-ix سن ______ میں ون یونٹ قائم کیا گیا۔ (1955 -1956 -1958)

-x 1985ء کے انتخابات کے نتیجے میں ______ کی حکومت اقتدار میں آئی۔ (بےنظیر بھٹو، نواز شریف، محمد خان جونیجو)

**سوال نمبر 2:** ذیل میں دیئے گئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔ (10)

-1 مسلم لیگ نے یوم فتح کیوں منایا؟

-2 سینٹ کے ممبران کا انتخاب کتنے عرصے کے لیے کیا جاتا ہے؟

-3 'ہندوستان چھوڑ دو' تحریک کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

-4 قیام پاکستان کے وقت ہمارے حصے میں کتنی بندرگاہیں آئیں؟

-5 کس علاقے کو 'وادی سواں' کہا جاتا ہے؟

-6 دوآب سے کیا مراد ہے؟

-7 ایم آر ڈی تحریک کا مقصد کیا تھا؟

-8 قومی اسمبلی میں نشستوں کی تقسیم کس بنیاد پر کی جاتی ہے؟

9- 1973ء کے آئین میں تیرہویں ترمیم کی کیا خاصیت ہے؟

10- کس دستاویز میں آئین کے بنیادی اصولوں کا تعین کیا گیا ہے؟

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل پر نوٹ تحریر کریں۔ (40)

1- جنرل ضیاء الحق کا دورِ حکومت۔

2- 1973ء کے آئین کے تحت صوبائی اور وفاقی انتظامیہ کے اختیارات

3- دریائے سندھ کے میدان کی اہمیت اور خصوصیات۔

4- قیامِ پاکستان کے وقت ریاستوں کے الحاق اور نہری پانی کے مسائل۔

سوال نمبر 4: ایوب خان کے دورِ حکومت کا تنقیدی جائزہ لیں۔ (10)

سوال نمبر 5: آب و ہوا کی بدلتی ہوئی کیفیت انسانی زندگی پر کس طرح اثر انداز ہوتی ہے؟ تفصیل سے لکھیں۔ (10)

سوال نمبر 6: آئین سے کیا مراد ہے؟ پاکستان میں آئین سازی کے لیے قرار دادِ مقاصد میں کیا اُصول طے کیے گئے ہیں؟ (10)

سوال نمبر 7: کرپس مشن کیا تجاویز لے کر برصغیر آیا تھا؟ نیز اُن تجاویز پر کس طرح ردِعمل کا اظہار کیا گیا ہے؟ (10)

کورس: مطالعہ پاکستان (202) — سمسٹر: بہار 2014

سطح: میٹرک — کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر 40

## امتحانی مشق نمبر 3

یونٹ: (7 تا 9)

سوال نمبر 1: خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پُر کریں۔ (10)

i- چنیوٹ کا علاقہ ____________ کی وجہ سے مشہور ہے۔ (قالین سازی۔ برتن سازی۔ فرنیچر سازی)

ii- مادھو لعل حسین ____________ زبان کے شاعر تھے۔ (سندھی۔ پنجابی۔ سرائیکی)

iii- حضرت ____________ کا یومِ ولادت 25 دسمبر کو منایا جاتا ہے۔ (عیسیٰؑ۔ موسیٰؑ۔ داؤد)

iv- کرومائیٹ ____________ رنگ کی دھات ہے۔ (کالے۔ سفید۔ نیلے)

v- ____________ معاہدہ عالمی بینک کے تعاون سے طے ہوا۔ (سندھ طاس۔ تاشقند۔ لکھنو)

vi- بڑی صنعتوں میں کم سے کم ____________ افراد کام کرتے ہیں۔ (دس۔ بیس۔ تیس)

vii- اسلام آباد تا ____________ موٹروے (M-2) کہلاتا ہے۔ (فیصل آباد۔ ملتان۔ لاہور)

viii- پاکستان میں پہلا ایٹمی بجلی گھر______ کے مقام پر تعمیر کیا گیا۔ (کراچی۔ چشمہ۔ گڈو)

ix- کاظم خان شیدا________ زبان کے شاعر تھے۔ (سندھی۔ بلوچی۔ پشتو)

x- سندھ میں________ کے مقام پر چوڑیوں کی صنعت نے بہت ترقی کی ہے۔ (کراچی۔ حیدرآباد۔ ہالا)

سوال نمبر 2: مختصر جواب تحریر کریں۔ (10)

1- کون سی دھات لوہے کو فولاد میں تبدیل کرنے کے لیے استعمال ہوتی ہے؟

2- پیلا جات سے کیا مراد ہے؟

3- گندم کی کاشت اور کٹائی کے وقت کس قسم کی آب و ہوا کی ضرورت ہوتی ہے؟

4- زرمبادلہ کس کو کہتے ہیں؟

5- پاکستان سٹیل کی درآمدی ضروریات کس بندرگاہ کے ذریعے پوری ہوتی ہے؟

6- کس فصل کو سفید ریشہ کہا جاتا ہے؟

7- ہمارے ملک میں لباس بناتے وقت مجموعی طور پر کن اُصولوں کو مدِ نظر رکھا جاتا ہے؟

8- پاکستان میں کتنے فی صد زمین ٹیوب ویل کے ذریعے سیراب کی جاتی ہے؟

9- حضرت داتا گنج بخش کا مزار کہاں واقع ہے؟

10- پاکستان کا سب سے زیادہ گنجان آباد شہر کون سا ہے؟

سوال نمبر 3: مندرجہ ذیل پر نوٹ تحریر کریں۔ (40)

1- پاکستان کی دستکاریاں اور فنون۔

2- ذرائع نقل و حمل کی ضرورت و اہمیت۔

3- نقل مکانی کی وجوہات اور پیدا شدہ مسائل۔

4- پاکستان کا نہری نظام۔

سوال نمبر 4: ثقافت سے کیا مراد؟ ہم اپنی ثقافت کو کس طرح اسلامی ثقافت کا حصہ قرار دیتے ہیں؟ (9)

سوال نمبر 5: پاکستان کا زرعی شعبہ کن مسائل کا شکار ہے؟ نیز اُن مسائل کو دور کرنے کے لیے کن اقدامات کی ضرورت ہے؟ وضاحت کریں۔ (9)

سوال نمبر 6: قدرتی وسائل سے کیا مراد ہے؟ پاکستان میں پائے جانے والے معدنی وسائل کا جائزہ لیں۔ (9)

سوال نمبر 7: پاکستان میں افراط آبادی کی وجہ سے کیا صورتحال ہے؟ ملک کی بڑھتی ہوئی آبادی کو کس طرح سے کنٹرول کیا جا سکتا ہے؟ تفصیل سے لکھیں۔ (13)

کورس: مطالعہ پاکستان (202) — سمسٹر: بہار 2014

سطح: میٹرک — کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر 40

# امتحانی مشق نمبر 4

(یونٹ: 10 تا 12)

سوال نمبر 1: خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پُر کریں۔ (10)

i- فلاحی ریاست کا تصور ______ میں انیسویں صدی میں ابھرا تھا۔ (امریکہ۔ یورپ۔ افریقہ)

ii- "میثاق مدینہ" نامی معاہدہ ________ کے بعد طے پایا تھا۔ (ہجرت۔ نبوت۔ حج)

iii- پاکستان میں یونیسف (UNICEF) کے تعاون سے _________ کی بیماری کے خلاف مہم شروع کی ہے۔ (ٹی بی۔ ملیریا۔ خناق)

iv- ______ کی وجہ سے تقریباً ایک لاکھ ایکڑ زمین پیداواری صلاحیتوں سے محروم ہو جاتی ہے۔ (خشک سالی۔ سیم و تھور۔ کیڑے مکوڑوں)

v- ڈیورنڈ لائن نامی سرحد پاکستان اور _____ کی درمیانی سرحد ہے۔ (ہندوستان۔ چین۔ افغانستان)

vi- 1965ء کی جنگ میں ______ نے پاکستان کی بھرپور مدد کی۔ (چین۔ روس۔ امریکہ)

vii- بڑی عمر کے لوگوں میں لکھنے پڑھنے کی صلاحیت پیدا کرنے کے لیے ______________ کا پروگرام شروع کیا گیا۔ (دینی تعلیم۔ تعلیم بالغاں۔ اعلیٰ تعلیم)

viii- قدرتی طور پر جتنی بھی اشیا پائی جاتی ہیں وہ سب مل کر _______ ماحول بناتی ہیں۔ (فطری۔ مادی۔ گھریلو)

ix- _______ کی کمی کی وجہ سے فضا میں آکسیجن کی کمی واقع ہو رہی ہے۔ (جنگلات۔ پانی۔ ہوا)

x- پاکستان کے _______ میں بحیرہ عرب واقع ہے۔ (جنوب۔ شمال۔ مشرق)

سوال نمبر 2: مختصر جواب تحریر کریں۔ (10)

1- ہماری کون سی خصوصیات معاشرتی ماحول کی عکاسی کرتی ہے؟

2- خلفائے راشدین میں کس کا عہد حکومت ایک بہترین اسلامی ریاست کی مثال تھی؟

3- کون سی بنیادی نوعیت کی چیزوں کا بندوبست کرنا فلاحی ریاست کی پہلی ذمہ داری ہے؟

4- فضائی آلودگی کی وجہ سے کن کن بیماریوں کا خطرہ ہے؟

5- سیم زدہ علاقوں میں کس قسم کے درخت لگانے چاہیں؟

6- خارجہ پالیسی کا محور کیا ہے؟

7- آر سی ڈی کے ادارے کا قیام کب عمل میں آیا؟

8- پاکستان اور افغانستان کے درمیان کشیدگی کا بنیادی سبب کیا ہے؟

9- کس واقعے کے نتیجے میں اسلامی کانفرنس منعقد کی گئی؟

10- 1979ء میں پاکستان، امریکہ کی نظر میں کیوں اہم ملک بنا؟

سوال نمبر3: مندرجہ ذیل پر نوٹ لکھیں۔ (40)

1- اسلامی تعلیم اور اس کی اقسام

2- پاکستان میں خوراک کی کمی کے اسباب

3- پاکستان اور امریکہ تعلقات

4- تعلیم کے شعبہ کو درپیش مسائل

سوال نمبر4: ماحول سے کیا مراد ہے؟ ماحول کو آلودگی سے بچانے کے لیے کن اقدامات کی ضرورت ہے؟ (10)

سوال نمبر5: فلاحی ریاست سے کیا مراد ہے؟ اسلامی فلاحی ریاست کے اندر ریاست اور اس کے شہریوں پر کس قسم کے فرائض عائد ہیں؟ تفصیل سے لکھیں۔ (10)

سوال نمبر6: پاکستان کے اپنے پڑوسی ممالک افغانستان اور بھارت کے ساتھ تعلقات کا جائزہ لیں۔ (10)

سوال نمبر7: کسی بھی ملک کی خارجہ پالیسی بناتے وقت کن عوامل کو مدنظر رکھا جاتا ہے؟ تفصیل سے لکھیں۔ (10)

......☆......